10136 ـ علی رضي الله تعالی کے لیے کرم الله وجهه کی تخصیص کا حکم

سوال

نبی مکرم صلی الله علیه وسلم کے چچا زاد علی بن ابی طالب رضي الله تعالی عنه کے باره میں کرم الله وجهه کا کلمه بہت زیاد سنتے اورپڑھتے ہیں توکیا اس کلمے کااطلاق علی رضي الله تعالی پرصحیح ہے ؟

پسندیده جواب

الحمد لله.

حافظ ابن کثیر رحمه الله تعالی اپنی تفسیرمیں لکھتے ہیں :

بہت ساری عبارتوں میں غالب طورپر کاتب باقی سب صحابه رضی الله عنہم کوچھوڑ کر صرف علی رضي الله تعالی عنه کے لیے علیه السلام یا پھر کرم الله وجهه کی عبارت استعمال کرتے ہیں جومعنی کے اعتبارسے توصحیح ہے لیکن اس جیسی عبارات میں سب صحابه کرام کے درمیان مساوات و برابری کرنی ضروری ہے ، کیونکه یه صرف تعظیم وتکریم کے لیے استعمال کی جاتی ہے ، توابوبکراورعمرفاروق اورامیرالمومنین عثمان رضي الله تعالی عنه علی رضي الله تعالی عنه سے اس کے زیاده مستحق ہیں ، الله تعالی ان سب سے راضي ہو ا هـ ـتفسیر ابن کثیر (3 / 617) ـ

ذیل میں ہم لجنه دائمه (مستقل اسلامی ریسرچ کمیٹی) کے سامنے پیش کیا گیا سوال اوراس کا جواب پیش کرتے ہیں :

علی بن ابی طالب رضي الله تعالی عنه کوکرم الله وجهه کا لقب کیوں دیا گیا ؟

لجنه دائمه کا جواب تھا :

علی بن ابی طالب رضي الله تعالی عنه کو کرم الله وجهه کا لقب دینا اورپھر صرف اس کی تخصیص صرف انہیں کے ساتھ کرنا شیعه کے غلوکی بنا پر ہے ، اوریه بھی کہا جاتا ہے که انہوں نے کبھی بھی کسی شرمگاه پرنگاه نہیں ڈالی اورنه ہی کبھی کسی بت کے سامنے سجده ریزہوئے اس وجه سے انہیں کرم الله وجهه کہا جاتا ہے ـ

تویه صرف علی رضي الله تعالی عنه کے ساتھ ہی خاص نہیں بلکه اس میں اوربھی صحابه شریک ہیں جو که ظہوراسلام کے بعد پیدا ہوئے اورمسلمان ہی پیدا ہوئے ـ ا هـ ـ

دیکھیں : فتاوی اللجنۃ الدائمۃ (3 / 289)

اوربعض کا کہنا ہے کہ : علی رضي اللہ تعالی عنہ کے ساتھ کرم اللہ وجھہ کی تخصیص اس لیے کی گئ ہے کہ انہوں نے کبھی کسی بت کوسجدہ نہیں کیا ۔

میں کہتا ہوں : اسے تورافضہ جو کہ علی ۔ رضي اللہ تعالی عنہ ۔ اورپاکباز گروہ ۔ کے دشمن ہیں نے اس کلمہ کومقرر کیا ہے ، تواہل بدعت کے مقابلہ میں کوئ ممانعت نہیں ۔ واللہ تعالی اعلم ۔

یہ لوگ اس عبارت کی کئ ایک تاویلیں کرتے ہیں جن میں سے چند ایک ذکر کی جاتی ہیں :

اس لیے کہ کسی کی بھی شرمگاہ پر نظرنہیں دوڑائ ۔

اس لیے کہ کبھی کسی بت کے سامنے سجدہ ریزنہیں ہوئے ، اوریہ ایک ایسی چیزہے جس میں کئ ایک صحابہ جوکہ اسلام میں پیدا ہوئے بھی شریک ہیں ، یہ بھی علم ہونا چاہیئے کہ اس میں کوئ بھی علت بیان کرنے کے لیے ضروری ہے کہ وہ کسی ثبوت کے ساتھ کی جائے ۔

تنبیہ :

مسنداحمد میں ابو سعید خدری رضي اللہ تعالی عنہ سے ایک روایت بیان کی گئ ہے جس میں ہے کہ :

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جھنڈا پکڑکر ہلایا اورفرمانے لگے کون ہے جواسے اس کے حق کےساتھ پکڑے ؟ توفلان نے آکرکہا میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پیچھے ہٹ جاؤ پھرایک اورآدمی آیا تواسے بھی کہا پیچھے ہوجاؤ ، پھرنبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرہ خوش کردیا ایسا آدمی جوفرار اختیارنہیں کرتا اے علی رضي اللہ تعالی عنہ یہ لو ۔۔ الحدیث ۔

اورسلمہ بن اکوع رضي اللہ تعالی عنہ کی مسند میں ایک طویل حدیث ہے جس میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کوکہا گیا ۔

اورایس طرح بعض احادیث کے سیاق میں جب علی رضي اللہ تعالی عنہ کیاذکرآئے توآپ ان کے اس قول کرم اللہ وجھہ کوبھی دیکھیں گے ۔

ہم تو اس کے متعلق کوئ بھی مرفوع حدیث اور نہ ہی کسی صحابی کا قول ہی جانتے ہیں ، ممکن ہے یہ صرف نقل کرنے والوں کی طرف سے لکھا گیا ہو ۔ ا ھـ ۔

واللہ تعالی اعلم

دیکھیں کتاب : معجم المناھی اللفظیۃ للشیخ بکرابوزید (ص 454) .